A L.K.No. 904 Paper Code No.8022

(Inter-A-2018) گروپ سیکنڈ

Inter (Part - II)

Session (2014 - 16) to (2016 - 18)

# اُردو (لازمی)

پرچہ : II (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

کل نمبر : 20

BWP-12-G2-18

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) کٹنی کی موتیوں کی جوڑی کتنے پیسے کی تھی : (A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

(2) ملک فراغ کے بادشاہ کا نام تھا : (A) دلارام (B) بہرام (C) خسرو آرام (D) ہشام

(3) علاوہ زبیر کی کیا لگتی تھی : (A) ماں (B) خالہ (C) دایہ (D) پھوپھی

(4) شاہد احمد دہلوی نے اپنے دادا " نذیر احمد " کو کس عمر میں دیکھا : (A) پانچ سال (B) چھ سال (C) سات سال (D) آٹھ سال

(5) ایوب عباسی کس رنگ کی شیروانی پہنتے تھے : (A) سفید (B) سیاہ (C) سرخ (D) ملگجی

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(6) یہ کام کرو -------- وہ کام کرو : (A) نہ (B) یوں (C) یا (D) جو

(7) ------ وہ بیمار تھا اس لئے کالج نہ آسکا : (A) البتہ (B) کیونکہ (C) چونکہ (D) اگرچہ

(8) وہ دیر سے آیا ------ کام مکمل کرلایا : (A) اور (B) بلکہ (C) چونکہ (D) البتہ

(9) یہ گھاس ------- سبز ہے : (A) کتنا (B) کتنی (C) کتنے (D) کیسا

(10) راوی لاہور میں --------- : (A) بہتی ہے (B) بہتا ہے (C) بہتے ہیں (D) بہہ رہا ہے

رموزِ اوقاف کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے :

(11) ختمہ کی تعریف ہے : (A) سب سے کم ٹھہراؤ (B) جملے کا خاتمہ (C) سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ (D) سوال پوچھنا

(12) ( ) علامت ہے : (A) خط (B) حذف (C) قوسین (D) ترک

(13) قلم دوات کہاں رکھی ہے : (A) :- (B) ؟ (C) (؛) (D) !

(14) ( : ) کس چیز کی علامت ہے : (A) تفصیلیہ (B) سوالیہ (C) رابطہ (D) ختمہ

(15) فجائیہ ، ندائیہ یا استعجابیہ کی علامت ہے : (A) :-- (B) ! (C) : (D) (؛)

درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔

(16) کرنا : (A) تم یہاں کیا کرتے ہو ؟ (B) وہ سکول کا کام کرتا رہا۔ (C) وہ دل لگا کر پڑھا کرتے تھے۔ (D) تم یہ کیا کرتے رہتے ہو؟

(17) سکنا : (A) وہ انگلش بول سکتا ہے۔ (B) وہ سیکھ لیتا ہے۔ (C) تم عربی سیکھتے ہو۔ (D) اس نے سب کچھ سیکھا۔

(18) لگنا : (A) وہ خوبصورت لگتا ہے۔ (B) وہ تمہیں کیسا لگا؟ (C) وہ دیوار سے جالگا۔ (D) وہ اتنا بدصورت کیوں لگتا ہے۔

(19) ڈالنا : (A) بلی نے چوہوں کو مار ڈالا۔ (B) ہم نے ووٹ ڈالا۔ (C) اس نے جیب میں پیسے ڈالے۔ (D) تم نے پلیٹ میں کھانا ڈالا۔

(20) لینا : (A) ہمیں اُس سے کیا لینا۔ (B) جلدی سے کتاب لاؤ۔ (C) اشفاق نے روزہ افطار کرلیا۔ (D) خیام نے دکان سے قلم لیا۔

B

ParhloPakistan.com

BWP-12-G2-18

| رول نمبر | 904 - 35000 | گروپ سیکنڈ |
|---|---|---|
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter-A-2018 | Inter (Part - II) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2014 - 16) to (2016 - 18) | کل نمبر : 80 |

﴿ ہدایت ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔☆

حصہ اول

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف) ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم — وہ بانکپن ، وہ اَچھوتا شباب پیدا کر

ترا شباب امانت ہے ساری دُنیا کی — تو خارزار جہاں میں گلاب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

عشرتِ پارۂ دل ، زخمِ تمنا کھانا — لذتِ ریشِ جگر ، غرقِ نمکداں ہونا

کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ — ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

حصہ دوم

سوال نمبر 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15) = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) بنوامیّہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا ، اگر چہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔

(ب) ہم سب کی زندگیوں میں مرحوم کے گھل مل جانے کا راز یہ تھا کہ اُن میں بظاہر کوئی بات غیر معمولی نہ تھی۔وہ غیر معمولی قابلیت کے آدمی نہ تھے ، دولت مند نہ تھے ، کچھ بہت ذہین بھی نہ تھے۔نہ انہیں توڑ جوڑ آتا تھا ، نہ خوش پوشاک ، نہ خوش گفتار ، نہ خوش باش ، نہ رنگین ورعنا۔وہ معمولی آدمیوں سے بھی زیادہ معمولی تھے۔

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) مناقب عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ (ب) قرطبہ کا قاضی

سوال نمبر 5 شامل نصاب نظم " نوجوان سے خطاب " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر 6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے (ب) حبِ وطن (ج) میرا پسندیدہ شاعر

سوال نمبر 7 اخبار کے ایڈیٹر کے نام نجی چینلز پر اخلاق سوز پروگراموں کے حوالے سے خط تحریر کیجیے۔ (10)

---------☆☆☆☆☆---------

14 - 4 - 2018

B

ParhloPakistan.com